



# پنجاب بجٹ

## برائے مالی سال 2025-26 کے اہم نکات

محکمہ خزانہ

## شہ سُرخیاں

- مالی سال 2025-26 کے بجٹ کا کل حجم 5,335 ارب روپے ہے۔
- ترقیاتی بجٹ برائے مالی سال 2025-26 کا تخمینہ 1,240 ارب روپے ہے جو گزشتہ سال 2024-25 کے 842 ارب روپے کی نسبت 47.2 فیصد زیادہ ہے۔ بیرونی شراکت داری کے منصوبوں اور پروگرامز کے لیے مختص رقم 171.7 ارب روپے ہے۔
- مالی سال 2025-26 کا جاریہ بجٹ 2,026.7 ارب روپے ہے جو کہ گزشتہ مالی سال کے 1,912 ارب روپے کی نسبت 5.9 فیصد زیادہ ہے۔
- مالی سال 2025-26 کا سروس ڈلیوری بجٹ 679.8 ارب روپے ہے جو کہ گزشتہ مالی سال کے 722 ارب روپے کی نسبت 5.8 فیصد کم ہے۔
- مقامی حکومتوں/اتھارٹیز کو منتقل PFC 934.2 ارب روپے ہے۔
- شعبہ تعلیم کا بجٹ 811.8 ارب روپے جو گزشتہ مالی سال 2024-25 کے 669.83 ارب روپے کی نسبت 21.2 فیصد زیادہ ہے۔
- شعبہ صحت کا بجٹ 630.5 ارب روپے ہے جو گزشتہ مالی سال 2024-25 کے 539 ارب روپے کی نسبت 17 فیصد زیادہ ہے۔
- شعبہ زراعت کا بجٹ 129.8 ارب روپے ہے جو گزشتہ مالی سال 2024-25 کے 117.2 ارب روپے کی نسبت 10.7 فیصد زیادہ ہے۔
- سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ:
  - تنخواہ میں اضافہ 10 فیصد
  - پنشن میں اضافہ 5 فیصد



Finance Department
Government of the Punjab

99211082, 99212223 www.finance.punjab.gov.pk

# اہم حکومتی اقدامات (یہ مکمل فہرست نہیں ہے)

### شعبہ لائیواسٹاک

- لائیوسٹاک کی پیداوار بڑھانے کے لیے وزیراعلیٰ ہرڈ (ریوڑ) ٹرانسفارمیشن پروگرام 800 ملین روپے (تخمینہ 6 ارب روپے)
- پنجاب میں انسداد منہ کُھر 400 ملین روپے
- وزیراعلیٰ پنجاب پروگرام برائے منہ کُھر فری زون بہاولنگر 250 ملین روپے (تخمینہ 786 ملین روپے)
- وزیراعلیٰ پنجاب لائیوسٹاک کارڈ 1 ارب روپے

### شہری ترقی

- وزیراعلیٰ صاف پانی پروگرام 5 ارب روپے (تخمینہ 15 ارب روپے)
- اپنی چھت اپنا گھر 150 ارب روپے (تخمینہ 239 ارب روپے)
- پنجاب میں نئے قائم ہونے والے پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹیز اور واسا کا استحکام 10 ارب روپے
- بابو صابو اور کٹار بند لاہور میں ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کی تعمیر 73 ارب روپے

### موسمیاتی تبدیلی

- پنجاب میں موسمیاتی رصدگاہ کا قیام 3 ارب روپے (تخمینہ 5 ارب روپے)
- پنجاب کے 10 زونز میں ماحولیاتی تحفظ فورس کا قیام 1.94 ارب روپے (تخمینہ 3 ارب روپے)
- ورلڈ بینک کے تحت 25 ایئر کوالٹی مانیٹرنگ سسٹمز کی تنصیب 50 ملین روپے (تخمینہ 3 ارب روپے)

### صنعت، تجارت اور اشیائے صَرف

- فیصل آباد میں علامہ اقبال صنعتی شہر کی تعمیر 1 ارب روپے
- پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کے تحت چھوٹے صنعتی علاقوں کو سہولیات کی فراہمی 5 ملین روپے (تخمینہ 2.7 ارب روپے)
- میاں نواز شریف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی یونیورسٹی قصور کا قیام 200 ملین روپے (تخمینہ 9.5 ارب روپے)
- شہر ملبوسات کا قیام 948 ملین (تخمینہ 3.8 ارب روپے)
- پنجاب میں سہولت بازاروں اور آن دی گو بازاروں کا قیام 10 ارب روپے

### ڈیجیٹل پنجاب

- وزیراعلیٰ انفارمیشن ٹیکنالوجی پارک کا قیام 5 ارب روپے (تخمینہ 10 ارب روپے)
- گورننس کے لیے مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی 175 ملین روپے (تخمینہ 781 ملین روپے)
- وزیراعلیٰ پنجاب آئی ٹی انٹرن شپ پروگرام 180 ملین روپے (تخمینہ 700 ملین روپے)
- تیز رفتار پنجاب اور ای۔لائبریریز 600 ملین روپے (تخمینہ 3.3 ارب روپے)

### معلومات ثقافت اور سیاحت

- الحمرا آرٹ کونسل مال روڈ، کلچرل کمپلیکس نزد قذافی سٹیڈیم کی اپ گریڈیشن 450 ملین روپے (تخمینہ 2.4 ارب روپے)
- فلم فنانس فنڈ 5 ارب روپے
- فلم سٹی اور سینما کی ترقی کے لیے ابتدائی مختص کردہ فنڈ 2 ارب روپے
- کوٹلی ستیاں، مری میں چیئر لفٹ سسٹم اور متعلقہ انفراسٹرکچر کی تعمیر 613 ملین روپے (تخمینہ 2.5 ارب روپے)
- پنجاب میں سیاحت کے فروغ کے لیے انفراسٹرکچر کی تعمیر و ترقی 5 ارب روپے

### لوکل گورنمنٹ اور کمیونٹی ڈویلپمنٹ

- میونسپل سروسز کی بہتری کے ذریعے وزیراعلیٰ کا مثالی گاؤں کے قیام کا منصوبہ 10 ارب روپے
- وزیراعلیٰ کا لاہور اتھارٹی برائے ثقافتی ورثے کے احیاء کا پروگرام 33 ارب روپے
- وزیراعلیٰ پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام 25 ارب روپے
- مری ڈویلپمنٹ پروگرام 5 ارب روپے
- پنجاب میں قبرستانوں کی بہتری کا منصوبہ 300 ملین روپے

# مالی سال 2025-26 کے بجٹ کے نمایاں خدوخال

- کل صوبائی کنسالیڈیٹڈ فنڈ 5,335 ارب روپے
- ایف بی آر ہدف 14,131 ارب روپے (پنجاب کا حصہ 4,062.2 ارب روپے)
- تاریخ کا سب سے بڑا ADP 1,240 ارب روپے
- پنجاب کے اپنے محصولات 828.1 ارب روپے، ٹیکس محصولات 524.7 ارب روپے، نان ٹیکس محصولات 303.4 ارب روپے
- پنجاب ریونیو اتھارٹی کا ہدف 340 ارب روپے (13 فیصد اضافہ)
- شہری غیر منقولہ جائیداد پر ٹیکس (UIPT) 32.5 ارب روپے
- تخمینہ شدہ صوبائی سرپلس بجٹ 740 ارب روپے
- ٹارگٹڈ سبسڈیز 72.3 ارب روپے
- بورڈ آف ریونیو ہدف 105 ارب روپے


## مالی سال 2025-26 کے اہم اقدامات

- نوازشریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ لاہور 14.5 ارب روپے
- مریم نواز ہیلتھ کلینکس پروگرام 9.7 ارب روپے
- نوازشریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا 4.5 ارب روپے
- نوازشریف میڈیکل ڈسٹرکٹ لاہور 61.3 ارب روپے
- ایئر پنجاب 1 ارب روپے (تخمینہ 10 ارب روپے)
- وزیراعلیٰ پنجاب لیپ ٹاپ پروگرام 15 ارب روپے (تخمینہ 37 ارب روپے)
- وزیراعلیٰ کا سکولوں میں کھانے کی فراہمی کا پروگرام 7 ارب روپے
- ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن اور وزیراعلیٰ کسان کارڈ 15 ارب روپے
- وزیراعلیٰ ٹریکٹر پروگرام 15.5 ارب روپے
- آبی زراعت جھینگا پروگرام 8.3 ارب روپے (تخمینہ 40 ارب روپے)
- پنجاب لائف انشورنس کمپنی کا قیام 1 ارب روپے
- غریب پرور سماجی تحفظ کے اقدامات 70 ارب روپے
- پنجاب میں سولڈ ویسٹ مینجمنٹ کے لیے مقامی حکومتوں کو گرانٹ 150 ارب روپے
- اپنی چھت اپنا گھر 150 ارب روپے (تخمینہ 239 ارب روپے)
- وزیراعلیٰ آسان کاروبار پروگرام 70 ارب روپے
- سڑکوں کی بحالی اور مرمت کا پروگرام 50 ارب روپے
- تمام بڑے شہروں میں ماحولیاتی تحفظ فورس کا قیام 1.9 ارب روپے (تخمینہ 3 ارب روپے)
- لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام 85 ارب روپے
- پورے پنجاب میں الیکٹرک بسوں کے لیے 46 ارب روپے
- ہمت کارڈ 4 ارب روپے
- تیز رفتار ریل (لاہور تا راولپنڈی) 2 ارب روپے (تخمینہ 250 ارب روپے)
- مریم نواز سماجی تحفظ راشن کارڈ 40 ارب روپے
- وزیراعلیٰ کارڈ برائے اقلیت 3.5 ارب روپے

## 2025-26 کے بجٹ میں شعبہ جات کو فنڈ کی تفویض میں نمایاں اضافہ

- صحت Rs. 630.5 Bn
- تعلیم Rs. 811.8 Bn
- تعمیرات Rs. 335.5 Bn
- لوکل گورنمنٹ Rs. 411.1 Bn
- تحفظ عامہ اور پولیس Rs. 299.3 Bn
- زراعت Rs. 129.8 Bn

## جاریہ اور خدمات کی فراہمی کے لیے بجٹ




## ٹارگٹڈ سبسڈیز (ارب روپے)

بجٹ تخمینہ 2025-26


- ٹرانسپورٹ پر سبسڈی 40 ارب روپے
- زراعت پر سبسڈی 10 ارب روپے
- رمضان پیکج 35 ارب روپے
- مفت ادویات 79.5 ارب روپے

## پنجاب کے اپنے محصولات (ٹیکس اور نان ٹیکس) (ارب روپے)


| محکمہ جات | بجٹ تخمینہ 2025-26 |
|---|---|
| پنجاب ریونیو اتھارٹی | 340 |
| بورڈ آف ریونیو | 105 |
| ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن | 70 |
| انرجی اور ٹرانسپورٹ | 9.7 |
| نان ٹیکس | 303.4 |
| کل | 828.1 |




## بجٹ کی ایک جھلک (پاکستانی ارب روپے میں)




## پنشن ادائیگی




## اہم حکومتی اقدامات (یہ مکمل فہرست نہیں ہے)

### شعبہ تعلیم

- ہونہار سکالرشپ پروگرام 15 ارب روپے
- 36 اضلاع میں معیاری و ممتاز سکولوں کا قیام 5 ارب روپے
- سرکاری سکولوں میں نجی شراکت داری کے ذریعے تعلیم کی فراہمی (پیما) 4 ارب روپے
- نجی شراکت داری کے ذریعے تعلیم کی فراہمی (پیف) 35 ارب روپے
- سکولوں میں اضافی کلاس رومز اور ضروری سہولیات کی فراہمی 40 ارب روپے
- کالجوں میں آئی ٹی لیب کا قیام 2 ارب روپے

### شعبہ صحت

- مریم نواز کلینک آن ویلز 3.5 ارب روپے
- لاہور، ملتان اور راولپنڈی میں نرسنگ کی تعلیم کے لیے سنٹر آف ایکسیلنس کا قیام 23 ارب روپے
- یونیورسل ہیلتھ انشورنس پروگرم 25 ارب روپے
- وزیراعلیٰ خصوصی اقدامات برائے ڈائیلسز پروگرام 8.6 ارب روپے
- وزیراعلیٰ چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام 3.2 ارب روپے
- وزیراعلیٰ خصوصی اقدامات برائے ٹرانسپلانٹ پروگرام 3.6 ارب روپے
- مریم نواز کمیونٹی ہیلتھ سروسز پروگرام 12.6 ارب روپے
- مریم نواز دیہی مراکز صحت سکیم 3 ارب روپے

### سماجی بہبود

- فیملی سپورٹ اور ثالثی کمپلیکسز کا قیام (سکھ دا ویہڑا) 100 ملین روپے (تخمینہ 1 ارب روپے)
- ساہیوال، سرگودھا اور بہاولپور میں تحفظ خواتین مراکز کا قیام 150 ملین روپے (تخمینہ 500 ملین روپے)
- وزیراعلیٰ ہمت کارڈ پروگرام برائے معذور افراد 4 ارب روپے
- مریم نواز سماجی تحفظ راشن کارڈ 40 ارب روپے

### آبپاشی

- ضلع قصور میں راوی سائفن کی تعمیر 500 ملین روپے (تخمینہ 9 ارب روپے)
- پڑی سیداں ڈیم کی تعمیر 350 ملین روپے (تخمینہ 4.2 ارب روپے)
- واٹر انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ پروگرام 3 ارب روپے
- پانی کی کفایت اور بہاؤ کی بہتری کے لیے انہار کی پختگی 1 ارب روپے (تخمینہ 6 ارب روپے)

### شاہراہوں اور ٹرانسپورٹ کا شعبہ

- وزیراعلیٰ لوکل روڈز پروگرام 50 ارب روپے
- ای ٹیکسی سکیم 3.5 ارب روپے
- فیصل آباد، لاہور اور گوجرانوالہ میں ماس ٹرانزٹ سسٹم 30 ارب روپے
- راولپنڈی/اسلام آباد تا مری سیاحتی ریل (ابتدائی سرمایہ) 1 ارب روپے (تخمینہ 135 ارب روپے)

### شعبہ زراعت

- وزیراعلیٰ پروگرام برائے کفایت آبی زراعت 2 ارب روپے (تخمینہ 8 ارب روپے)
- وزیراعلیٰ پروگرام برائے مشینی زراعت 2.7 ارب روپے (تخمینہ 13.2 ارب روپے)
- وزیراعلیٰ پروگرام برائے ہائی ٹیک فارم میکنائزیشن فنانسنگ 1.5 ارب روپے (تخمینہ 9 ارب روپے)
- فصل بیمہ پروگرام 1.5 ارب روپے
- پوٹھوہار میں زرعی انقلاب 1 ارب روپے (تخمینہ 7 ارب روپے)
- وزیراعلیٰ کا ٹریکٹر پروگرام 15.5 ارب روپے
- سرسبز پاکستان اقدام 20 ارب روپے (تخمینہ 100 ارب روپے)

### شعبہ جنگلات، جنگلی حیات اور ماہی پروری

- قدرتی ماحولیاتی خطوں کا قیام (قدرتی ماحول کے توازن کی برقراری) 4 ارب روپے
- لاہور سفاری پارک کا ماسٹر پلان 5 ملین روپے (تخمینہ 7 ارب روپے)
- لال سوہانرا نیشنل پارک اور سالٹ رینج میں ماحول دوست سیاحت کا فروغ 5 ملین روپے (تخمینہ 3.5 ارب روپے)
- لاہور میں ماڈل مچھلی منڈی کا قیام 848 ملین روپے (تخمینہ 10 ارب روپے)
- مظفرگڑھ، جنوبی پنجاب میں جھینگا پروری کا فروغ 8.34 ارب روپے (تخمینہ 40 ارب روپے)
- پنجاب میں جنگلات کاری 10 ملین روپے (تخمینہ 2.8 ارب روپے)

### شعبہ توانائی

- پنجاب میں سرکاری کالجوں کی سولرائزیشن 3 ارب روپے
- تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتالوں کی سولرائزیشن 247 ملین روپے (تخمینہ 1 ارب روپے)
- پنجاب میں گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکولوں کی سولرائزیشن 187.5 ملین روپے (تخمینہ 750 ملین روپے)
- وزیراعلیٰ کا زرعی ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن کا پروگرام 8.8 ارب روپے